COPY 1

LAJNA IMAILLAH CANADA
Nusrat Jahan Library
Bait - e - Manyam
96 Ahmadiyya Ave.
Maple, Ont. L6A 3A4

بسم الله الرحمن الرحيم

لا إله إلا الله محمد رسول الله

There is none worthy of worship except Allah;
Muhammad is the messenger of Allah

AHMADIYYA GAZETTE Canada

1306 WILSON AVE., DOWNSVIEW, ONT., M3M IH5, (416) 249-3420

Vol. 1 Zul Haj / Muharram 1405 / 1406 A.H. **SEPTEMBER 1985** Tabook 1364 H.S. **No. 3**

AMEER & MISSIONARY INCHARGE: Maulana Naseem Mahdi
EDITOR: Hasan Mohammad Khan
ASST. EDITOR: Syed Hasnat Ahmad
MANAGER: A. Rasheed Latiff

FROM THE HOLY QURAN

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

PT. 22 YĀSĪN CH. 36

سُوۡرَۃُ یٰسٓ مَکِّیَّۃٌ (۳۶)

1. "In the name of Allah, the Gracious, the Merciful.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ①

2. Ya Sin.[3213A]

یٰسٓ ②

3. By the Qur'an, full of wisdom.[3214]

وَ الۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ ③

4. Thou art indeed *one* of the Messengers,

اِنَّکَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ④

5. On a right path.[3215]

عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ⑤

" In the combined abbreviated letters یاسین the word سین according to Ibn 'Abbās stands for الانسان meaning, man or perfect man, or for سید *i.e.* chief or leader. Thus the expression یاسین would mean, "O Perfect Man!" or "O Perfect Leader!" According to the consensus of scholarly opinion, the reference in these combined letters is to the Holy Prophet. The Prophet has been addressed as "perfect man" because humanity found its best and most perfect specimen in him. He has also been called "the perfect leader," because after his advent great religious Reformers and Divine Teachers were to rise only from among his followers. The door of revelation has been closed to the followers of all other Prophets. He is therefore "the perfect man" or

SECOND CLASS MAIL, REGISTRATION NO. 4980, ISS. NO. 0229 - 5644

10. And We have set a barrier before them and a barrier behind them, and have covered them over, so that they cannot see.[3218]

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ
سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿١٠﴾

11. [a]And it is alike to them whether thou warn them or warn them not: they will not believe.[3219]

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا
يُؤْمِنُوْنَ ﴿١١﴾

12. [b]Thou canst warn only him who would follow the Reminder and fear the Gracious *God* in secret. So give him the glad tidings of forgiveness and a noble reward.[3220]

اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ
فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿١٢﴾

with utter confusion, the word مقمحون (see root meaning of the word under "Important Words" above) giving a graphic description of their bewilderment and consternation when all of a sudden they found the Holy Prophet at the very gates of Mecca, at the head of an army of ten thousand strong. Their eyes remained fixed in a stare and they ran about with heads raised in bewilderment.

3218. **Commentary :**

The barriers referred to in the verse may be the barriers of usages, prejudices, and pride of disbelievers. They could not look forward to the great and bright future which lay before them if they accepted Islam, and they did not look back to the histories of past peoples who rejected the truth and were seized with Divine punishment. The result of the barriers placed before and behind them was that they themselves became totally devoid of all spiritual light.

3219. **Commentary :**

The verse means to say that the inevitable result of disbelievers' deliberately shutting their eyes and ears to the truth to which reference has been made in the preceding verse was that the timely warning did not benefit them and by their persistent rejection of the Truth they rendered themselves deserving of Divine punishment.

3220. **Commentary :**

The expression بالغيب (in secret) may mean that (1) a believer fears God while he does not see Him: (2) he behaves as a righteous and God-fearing person even when other people are not seeing him, *i.e.* he is sincere and honest in his belief and actions.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

NEWS and VIEWS

Indo Caribbean World -
July 3, 1985

AHMADIYYA CONVENTION DEMANDS WITHDRAWAL OF ORDINANCE

The two day National Convention of the Ahmadiyya Movement in Islam ended on July 1, asking General Zia to withdraw the "anti-Islamic ordinance against Pakistan Ahmadis."

The convention attended by several hundred Ahmadis from all over Canada passes a resolution unanimously expressing "grave concern on the denial of Human Rights and freedom of religion to four million Ahmadis living in Pakistan." The resolution pointed out that no human law or constitutional provision made them Muslims nor can any deprive them of their faith.

The National Convention was inaugurated by the new Missionary and National Ameer Mr. Naseem Mahdi with a message from the Supreme Chief of the Movement, Hazrat Mirza Tahir Ahmad.

This Convention the eight in the series, was attended by the National President of the Ahmadiyya Movement in the United States of America, the General Secretary of the Movement of The United Kingdom and other dignitaries.

deeply devoted to Khilafat and he had the honour to see the Promised Messiah (peace be on him) and enjoyed the confidence of all his four Khalifas. He is the author of a good number of books, the most important of them, which he considered was, the translation of the Holy Quran. Throughout his life, whenever his services were required for the sake of Jamaat, and in whatever capacity, he proved to be the most humble and devoted servant.

He had the honour to sit with kings, queens, prime ministers, Governors General, Chief Justices of the most important and powerful countries of the world. He received highest awards from many Muslims countries for his excellent, devoted and selfless services to them. But he was always humble in the service of God. It is an open secret that lion's share of his income was enjoyed by the poor and needy students, widows, orphans and anyone who cared to request him for assistance.

May God reward him for all his generosity and his humbleness and service to Islam and Ahmadiyyat. May He cover him under mantle of grace and mercy and grant him exalted position in his heavenly abode.

May the Almighty, out of His mercy grant solace and comfort to all the members of the bereaved family especially his only daughter - Amatul Haye Begum and his son-in-law, Mr. Hameed Nasrullah Khan. Amen.

****

Our telegrams on the sad demise of Hazrat Chaudhri Mohammad Zafrullah Khan.

To Hazrat Khalifatul Masih IV.

DEEPLY GRIEVED TO LEARN SAD DEMISE OF HAZRAT CHAUDHRY MOHAMMAD ZAFRULLAH KHAN STOP KINDLY ACCEPT MY HEARTFELT CONDOLENCES AND OF ALL JAMAATS OF CANADA STOP AS A COMPANION OF THE PROMISED MESSIAH, A GREAT PATRIOT AND ONE OF THE GREATEST SONS OF PAKISTAN AND HIS SPECIAL INTIMATE RELATIONS WITH YOU PERSONALLY HIS LOSS IS VERY HEAVY STOP WE ALL MOURN HIS LOSS AND MAY ALLAH SHOWER CHOICEST BLESSINGS ON HIS SOUL AND GRANT HIM EXALTED STATUS IN PARADISE AMEN.

NASEEM MAHDI

To Chaudhry Hameed Nasrullah Khan, his son-in-law.

DEEPLY GRIEVED TO LEARN THE SAD DEMISE OF HAZRAT CHAUDHRY MOHAMMAD ZAFRULLAH KHAN. KINDLY ACCEPT HEARTFELT CONDOLENCES FROM ME PERSONALLY AND ALL JAMAATS OF CANADA. MAY ALLAH SHOWER CHOICEST BLESSINGS ON HIS SOUL. KINDLY CONVEY OUR CONDOLENCES TO AMATUL HAYE BEGUM SAHIBA AND ALL OTHERS CONCERNED.

NASEEM MAHDI

Continued **MALFOOZAT**

I have a book written by a Jew wherein he writes that if we will be grilled on the Doomesday, we will open the Book of Malachi (before God.)

In short, this story of Elijah is quite clear and unequivocal and Jesus Christ himself has given his own verdict and also mentioned about his second advent. But alas! People knowingly fail to understand. But how long! This truth will become manifest for all to see like light of the day and nations will flock towards it and will come to pass in the manner as was with Jesus son of Mary.

APPOINTMENT

Brothers and sisters will be glad to learn that Hazrat Khalifatul Masih IV has graciously appointed Maulvi Muniruddin Shams, our former missionary in Canada, as Naib Vakiluttabshir (Assistant Secretary Ahmadiyya Muslim Foreign Missions Office). He will stay in London to carry on the duties of new assignment.

We congratulate him on his new rank and pray that God may grant him power and strength to perform his duties in the best possible manner. Amen.

IJTIMA'A ANSARULLAH

This is for the information of Ansars that Ijtimaa Ansarullah of Toronto and Bramalea Halqas will be held on Sunday, the 22nd September 1985 at 10 A.M. at Baitul Afiat, Downsview, which will continue throughout the day.

Matches in Table Tennis and Carrom etc. will be played. Competition in Message Relay, observation, arm wrestling, Nazam, Recitation of the Holy Quran and speeches will also be held. Prizes will be awarded to the 1st and 2nd standing Ansars.

Test will be given to the Ansars of the Promised Messiah's book (Barakat-ud-Doa) 'Blessings of Prayer'. All Ansars are expected to take part in it. The book can be be obtained on request. We hope brothers will start its preparation without delay.

It is requested that brothers will pay their Ijtimaa and Ansar contribution before 22nd September.

Lunch and tea will be served by the Majlis during the Ijtimaa hours.

YUSUF KHAN
NAZIM - I - AALA Majlis Ansarullah, Canada.

A GOOD REPORT

Following is a summary of report from our brother Ataul Wahid (Mr. Vern Lahaye) about his preaching during the months of January-April. The report is a solid work done by our brother and we pray that God may bear sweet fruits to his efforts. It will be very much appreciated if other brothers also send reports of their efforts to the Ameer and Missionary Incharge.

'I introduced Islam to a couple who were previously Jehovah Witnesses. They found Ahmadiyyat interesting but did not go much further than polite listening. I kept on my discussion about the social evils like abortion etc. But as the arguments took violent turn, I could not bring religious remedies and cures for such vices.

I explained Ahmadiyyat to two Bahai teen agers and have been attending a meeting and contributed to the discussion.

I conveyed the message of Islam to four people and have made arrangements to present the The Case of the Missing Messiah to a High School student, a history teacher and two Jehovah Witnesses'.

COMPUTER WILL WRITE OUR BOOKS

This is no secret that the Government of Pakistan is putting every hurdle for us to print or publish our books or other literature and distribute it in the country or send it abroad. We all know that the books of the Promised Messiah and all his four caliphs are originally in Urdu language and to preserve them and distribute them among Urdu knowing public, we have to do its caligraphy manually which can be done only by professionals.

It is not a big problem in Pakistan but to requisition the services of such professional scribes outside Pakistan is a big deal. To overcome this difficulty, Hazrat Khalifatul Masih has arranged to procure a specialized computer machine in England which will provide Noori Nasta'aleeq نوری نستعلیق caligraphy in Urdu and will be able to compose certain other important languages of the world.

For this machine an appeal for one hundred and fifty thousand pounds has been made by Huzur in his Friday sermon dated 12-7-85.

We hope brothers and sisters in Canada will not lag behind and will offer their pledges most generously. It will be appreciated if cash amounts could be sent as soon as possible so that there may not be any delay in purchasing this modern machine.

THANK YOU.

جزاکم اللہ أحسن الجزاء

★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★★

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

ماہنامہ احمدیہ گزٹ

ٹورانٹو کینیڈا

امیر و مبلغ انچارج : مولانا نسیم مہدی

جلد : اول | ذوالحجہ ۱۴۰۵ قمری | ستمبر ۱۹۸۵ء | تبوک ۱۳۶۴ ہجری شمسی | شمارہ : ۳

ایڈیٹر :- حسن محمد خاں عارف | نائب ایڈیٹر :- سید حسنات احمد | کتابت :- بشارت احمد خان ، شیخ مشتاق احمد | تزئین و آرائش :- پرویز سعید

LAJNA IMAILLAH CANADA
Nusrat Jehan Library
Bait-e-Mansoor
6 Ahmadiyya Ave.
Maple, Ont.
L6A-3A4

معاندینِ احمدیت کی غیر اسلامی روش

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خطبہ جمعہ

وہ قومیں جو تکبر میں آکر اللہ کے بندوں کے خلاف فیصلے دیتی ہیں صفحۂ ہستی سے مٹ جاتی ہیں

الٰہی جماعتوں کے خلاف تمسخر اور استہزاء کی انتہا رسوا کن عذاب کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہے

موجودہ زمانہ میں شرعی عدالت مسیح موعود ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق حکم و عدل ہیں

فرمودہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
بمقام مسجد فضل لندن بتاریخ ۲ نبوت ۱۳۶۳ہش مطابق ۲ نومبر ۱۹۸۴ء

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کے بعد حضور نے مندرجہ ذیل آیات کی تلاوت فرمائی :-

" وَقُلْ اِنِّیْٓ اَنَا النَّذِیْرُ الْمُبِیْنُ ۚ کَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَی الْمُقْتَسِمِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِیْنَ ○ فَوَرَبِّکَ لَنَسْئَلَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ۙ عَمَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ○ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِکِیْنَ ○ اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَهْزِءِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ یَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰہِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ یَعْلَمُوْنَ ○ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّکَ یَضِیْقُ صَدْرُکَ بِمَا یَقُوْلُوْنَ ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَکُنْ مِّنَ السّٰجِدِیْنَ ۙ وَاعْبُدْ رَبَّکَ حَتّٰی یَاْتِیَکَ الْیَقِیْنُ ○ "

(الحجر آیت ۹۰ تا ۱۰۰)

اور پھر فرمایا :-

" جیسا کہ احباب کو معلوم ہے

بعض احمدی وکلاء نے

پاکستان کی اُس عدالت میں ایک مقدمہ دائر کیا تھا جسے شرعی عدالت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

اس کے بعض پہلوؤں پر تو میں نے پہلے روشنی ڈالی تھی اور بتایا تھا کہ قرآن کریم معاملات میں فیصلوں کے متعلق کس عدالت کو شرعی عدالت سمجھتا ہے اور کسے غیر شرعی۔ اور سوائے اس کے کہ عدل کی تعریف شرعی عدالت پر صادق آتی ہو قرآن کریم سے اس کے سوا کچھ بھی استنباط نہیں ہوتا۔ لیکن جہاں تک عقائد اور نظریات کا تعلق ہے قرآن کریم انبیاء کے سوا کسی شرعی عدالت کو تسلیم نہیں کرتا اور انبیاء کے بعد پھر خدا کو احکم الحاکمین قرار دے کر اس کو شرعی عدالت کی سپریم کورٹ قرار دیتا ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں دونوں قسم کے احکامات ملتے ہیں۔ ایسے احکامات بھی ہیں جن کا تعلق بنی نوع انسان کے آپس کے معاملات

SECOND CLASS MAIL
REGISTRATION NO. 4980
ISS. NO. 0229-5644

Canada Post Postes Canada 4980

عزت مآب چوہدری سر محمد ظفر اللہ خاں وفات پا گئے

عزت مآب چوہدری سر محمد ظفر اللہ خاں سابق صدر عالمی عدالت انصاف (دی ہیگ ہالینڈ) مشیتِ الٰہی سے یکم ستمبر صبح ۹ بجے (پاکستان کے وقت کے مطابق) پاکستان میں رحلت کر گئے إِنَّا لِلّٰہِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۔ وفات کے وقت آپ کی عمر ۹۳ سال تھی۔

یہ دنیا انسان کی عارضی قیامگاہ ہے۔ جو بھی پیدا ہوا اُسے بقضائے الٰہی اس دارِ فانی سے بالآخر جانا ہے۔ خوش قسمت ہے وہ انسان جو اپنی ساری زندگی اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول میں خرچ کرتا ہے، بنی نوع انسان کی خدمت میں گزار دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے دنیاوی عزت و وجاہت جب دیتا ہے تو اس عالی مرتبت مقام سے بھی عالم اسلام اور عرب اقوام کی اقوام متحدہ کے اداروں میں، بے باک اندازہ ہو کر وکالت کرتا ہے۔ اور جنرل اسمبلی کی جب اسے صدارت کا اعزاز دیا جاتا ہے تو اجلاس کے آغاز کا اعلان قرآن کریم کی آیات سے کرتا ہے۔ عزت مآب جناب چوہدری محمد ظفر اللہ خاں نے حتی المقدور اور اپنی بساط کے مطابق اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق، استطاعت اور طاقت کو قومی اور ملی مفاد میں صرف کر دیا۔ اور بالآخر ایک کامیاب اور نہ فراموش کر دینے والی خدمات سے بھرپور زندگی گزار کر اپنی جان جانِ آفرین کے سپرد کر دی۔ اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ان پر کتنی بکھر رہی ہوں۔ اور تجھے خدا تعالیٰ کا خاص قربِ عطا ہو۔ اے خدا تو ہماری عاجزانہ دعاؤں کو قبول فرما۔ آمین۔

عزت مآب جناب چوہدری صاحب نے دنیاوی تعلیم کی تکمیل کے بعد بطور بیرسٹر عملی زندگی کا آغاز کیا۔ وکالت کے میدان میں ممتاز مقام حاصل کیا۔ ۱۹۳۲ء میں آنریبل سر فضل حسین کی جگہ وائسرائے آف انڈیا کی کونسل میں وزیر تعلیم نامزد ہوئے کامرس اور لاء اور ریلوے ممبر بھی رہے۔ ۱۹۴۲ء میں متحدہ ہندوستان کے چین میں ایجنٹ جنرل بنا دئے گئے۔ 1930ء، 1931 اور 1933 میں آپ نے مسلمانانِ ہند کی تینوں گول میز کانفرنسوں میں لندن میں نمائندگی کی۔ 1931ء میں آپ آل انڈیا مسلم لیگ کے صدر بھی منتخب ہوئے۔ یہی مسلم لیگ ہی تھی جس نے حضرت قائداعظم محمد علی جناح، بابائے قوم کی شاندار قیادت میں پاکستان حاصل کیا

تقسیم ہندو پاکستان کے وقت آپ فیڈرل کورٹ آف انڈیا کے جج کے عہدہ پر فائز تھے۔ پاکستان کے معرضِ وجود میں آنے پر حضرت قائداعظمؒ نے پاکستان کا پہلا وزیر خارجہ انہیں مقرر فرمایا۔ اور آپ نے مفوضہ فرائض کمال تندہی اور ذمہ داری سے ادا کئے۔ ۱۹۶۰ء میں فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں، صدر پاکستان نے آپ کو اقوام متحدہ میں مستقل مندوب مقرر کیا۔ ۱۹۶۲ء میں عزت مآب چوہدری سر محمد ظفر اللہ خاں صاحب سترھویں جنرل اسمبلی کے صدر کے عہدہ جلیلہ پر فائز ہوئے۔ جنرل اسمبلی کے پہلے اجلاس کی صدارت فرماتے ہوئے آپ نے اپنی تقریر کا قرآنی آیات سے آغاز فرمایا اور پہلی بار ایوانِ اقوام متحدہ میں قرآن کریم کی آیات کی گونج کرسیٔ صدارت سے سُنی گئی۔ اس سے قبل بھی سب ممبران جنرل اسمبلی، ممبران سیکیورٹی کونسل اور تمام ممبران بخوبی جانتے تھے کہ دورانِ اجلاس جب بھی نماز کا وقت آیا آپ نے اجلاس سے رخصت حاصل کی اور نماز کے فریضہ کو وقت پر جا کر ادا کیا اور نماز ادا کرنے کے بعد دوبارہ اجلاس میں شامل ہو گئے

عزت مآب جناب چوہدری صاحب کی خدماتِ جلیلہ، بنی نوع انسان کیلئے، محکوم اقوام کی آزادی کے حصول کیلئے، عالم اسلام کے لئے، عرب اقوام کے لئے اور پھر پاکستان کے لئے خصوصیت سے، اس درجہ کی ہیں کہ انہیں فراموش نہیں کیا جائیگا اور آپ کو رہتی دنیا تک خراجِ تحسین دیا جاتا رہے گا۔ ابھی قریب کی بات ہے جب آپ کی مسلسل علالت کی اطلاع آپ کے قدر دانوں کو ملی آپ کی صحت کے بارہ میں جاننے کیلئے پے در پے مضطربانہ عیادتی برقیئے اور تاریں موصول ہونی شروع ہو گئیں اور ہاشمی سلطنت شرقِ اردن کے والی جلالۃ الملک شاہ حسین نے تو یہاں تک لکھا:-

"میری تمام نیک تمنائیں ان کے لئے وقف ہیں۔ اور میں صدق دل سے ان کی صحت عاجلہ کے لئے دست بدعا ہوں" بلکہ اپنی تار کے آخر میں چوہدری صاحب موصوف کی ہمشیرزادی اور داماد کو تاکید فرمائی کہ آپ کی صحت کے سلسلہ میں کسی بھی اعانت اور مدد کیلئے مجھ سے محل شاہی کے پتہ پر براہ راست رابطہ کیا جائے، مجھے ہر خدمت پر بے اندازہ مسرت ہوگی۔

(منقول از اخبار ہفت روزہ لاہور ۱۰ اگست ۱۹۸۵ء)

عزت مآب چوہدری صاحب پہلی بار ۱۹۵۴ء میں عالمی عدالت انصاف کے جج چُنے گئے یہ Term آپ نے نو سال پوری کی۔ دوسری بار ۱۹۶۴ء میں بطور جج آپ کا انتخاب ہوا۔ اور بالآخر ۱۹۷۰ء میں اس دوسری ٹرم کے اختتام پر آپ کو اس مقتدر عالمی ادارے کا صدر چُن لیا گیا اور ۱۹۷۳ء میں اس عہدۂ جلیلہ سے سبکدوش ہوئے۔

عزت مآب جناب چوہدری محمد ظفر اللہ خاں کی ذات والا صفات کسی بھی محبِ انسانیت اور محبِ وطن کے لئے تعارف کی محتاج نہیں۔ آپ کی قومی اور ملی زندگی ایک کھلی کتاب کی طرح ہے۔ اور ہر ذی شعور جاں نثار وطن کے دل و دماغ پر حرف بحرف نقش اور تاریخِ عالم میں خصوصاً تاریخِ مشرقِ وسطیٰ میں، عالم اسلام کی فلاح و بہبود کے لئے آپ کی جلیل القدر خدمات سے منسوب و معنون، دسیوں اور درجنوں ایسے پائیدار اور درخشاں ابواب ہیں جن کی آب و تاب کو زمانے کی کوئی گردش ماند نہ کر سکے گی۔ اور جن سے آئندہ نسلیں ہمیشہ کسبِ فیض کرتی رہیں گی خصوصاً ان عرب ممالک کی نسلیں جو اقوام متحدہ میں آپ کی پُر زور، مدلل اور بصیرت آفریں وکالت کے طفیل آزادی اور خود اختیاری کی نعمت سے سرفراز ہوئیں اور جن اقوام نے آپ کی خدمات کو سراہتے ہوئے اعتراف کے طور پر آپ کو اپنے اپنے ملک کے سب سے بڑے نشانِ اعزاز و امتیاز سے نوازا۔

مسلمانانِ برصغیر کی فلاح و بہبود اور انہیں ہندوستانی معاشرہ میں سربلندی اور وقار دلانے کیلئے آپ کی گراں قدر خدمات تاریخ ہند میں محفوظ ہیں۔ اسی طرح قیام پاکستان اور قیام پاکستان کے بعد وطن عزیز کی ترقی اور تعمیر، اسکے بیرونی دنیا سے تعارف اور استحکام کے سلسلہ میں آپ کا گرانقدر رول اگر انصاف کی نظر سے دیکھا جائے تو کوئی دوسرا ان کے ہم پایہ اور ہم پلہ شاید ہی نظر آئے۔ قوم کا ایک مخلص و بے نفس فرزند، جس نے اپنے مخالفین کی پیہم دشنام طرازی پر بھی انہیں مسلسل دعائیں ہی دیں۔ آج اس دنیا اور اس دارِ فانی سے رخصت ہو کر اپنے مولا اور پروردگار کے حضور حاضر ہو چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو غریقِ رحمت فرمائے اور اپنے قرب میں خاص مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

مرتبہ: لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ محمد سعید مقیم کیلگری
(ماخوذ از خود نوشت سوانح حیات چوہدری صاحب)

۴ ستمبر ۱۹۸۵ء

بچوں کو دعا کی اہمیت سکھائیں

تقریب آمین کے موقع پر تحائف دینے سے اجتناب کیا جائے

ایک تقریب آمین پر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات مبارکہ

مؤرخہ یکم جولائی ۱۹۸۵ء بروز سوموار بعد نماز عصر محمود ہال ملحقہ مسجد فضل لنڈن میں عزیزہ افشاں ارم (بعمر ۶½ برس) بنت مکرم مبشر احمد صاحب شکیل آف ہسلو کی تقریب آمین منعقد ہوئی جس میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بھی از راہ شفقت شرکت فرمائی۔ تلاوت و نظم کے بعد حضور انور نے بچی سے قرآن کریم کی آخری تین سورتیں سن کر اجتماعی دعا کروائی اور پھر انگریزی میں ایک نہایت ایمان افروز خطاب فرمایا جو قریباً نصف گھنٹہ تک جاری رہا۔ بعد ازاں حاضرین، جن میں سلسلہ کے علماء اور مبلغین کرام کے علاوہ غیر از جماعت یورو پین دوستوں کی بھی ایک معقول تعداد شامل تھی، کی خدمت میں پُر وقار چائے پیش کی گئی۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطاب کا اُردو ترجمہ افادۂ احباب کیلئے ادارہ النصر اپنی ذمہ داری پر پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔

فرمایا: "اسلام ایک نہایت سادہ مذہب ہے۔ اسمیں بہت کم مذہبی یا تمدنی رسومات پائی جاتی ہیں۔ ہماری تقریبات میں کسی قسم کی نمود و نمائش، ناچ گانا یا شراب نوشی نہیں ہوتی جو کہ آج کی دنیا کیلئے موجب لطف ہوتا ہے۔ ہماری تقریبات دعاؤں سے بھرپور ہوتی ہیں۔ مثلاً عید کے روز، جو کہ کرسمس کی طرح مسلمانوں کا ایک سالانہ تہوار ہے، ہماری دعاؤں میں کمی کی بجائے زیادتی ہو جاتی ہے۔ عام طور پر بھی اسلامی تعلیمات میں ہر روز ۶ نمازیں ادا کی جاتی ہیں، جن میں ایک نماز تہجد ہے۔ کچھ مغربی سکالرز اس سے یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ یہ مذہب ایک نہایت پسماندہ علاقے کا مذہب ہے اور وہ اِسے عرب کی تہذیب قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ چونکہ ایک نہایت غیر ترقی یافتہ علاقے میں پیدا ہوئے اس لیے اُسی علاقہ کی اقدار اور رسومات کو تعلیمات اسلام میں شامل کر لیا حالانکہ یہ حقیقت سے بہت بعید ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ عرب کی تقریبات اور تہوار ناچ گانوں، شراب نوشی لڑائیوں اور ایسی ہی دیگر بد رسوم پر مشتمل ہوتی تھیں جو کہ ایک انسانی ذہن لطف اندوز ہونے کیلئے سوچ سکتا ہے۔ اسلامی اور مغربی تہذیب کے تہواروں میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ مغربی تہذیب کے تہواروں کے موقع پر عام طور پر جرائم کی تعداد میں اضافہ ہو جاتا ہے لیکن اس کے برعکس اسلامی تہواروں مثلاً عیدین کے مواقع پر جرائم کی تعداد عام دنوں کی نسبت کم ہو جاتی ہے باوجود اس کے کہ آج کے مسلمان اسلامی اقدار سے بہت دور جا چکے ہیں۔

(بقیہ اگلے صفحہ پر)

نائب وکیل التبشیر برائے تصنیف کی تقرری

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ نے مکرم منیر الدین صاحب شمس سابق مبلغ انچارج کینیڈا کی تقرری بطور نائب وکیل التبشیر برائے تصنیف فرمائی ہے۔ مکرم شمس صاحب لنڈن میں مقیم رہ کر اپنے فرائض ادا کریں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو احسن رنگ میں مقبول خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

یہ شانِ خادمِ خیرُ الاُمَم ہے
کہ لرزاں خوف سے جھوٹا صنم ہے
اُسے خطرہ رہے میری اذاں سے
مجھے اِس راہ میں کس شے کا غم ہے

راشدہ سیال

انبیاء کے مخالفین کا انجام

ایمان بالرسالت

اس کے بعد چوتھا رکن ایمان کا ایمان بالرسول ہے ۔ بہت سے لوگ ایسے موجود ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس ڈھیروں ڈھیر کتابیں ہیں ، پرانے لوگوں کی یادداشتیں ہیں ہم نیکی اور بدی کو سمجھتے ہیں ۔ کسی مامور اور مرسل کی کیا ضرورت ہے ۔

یہ لوگ اپنے مخازن علوم کو کافی سمجھتے ہیں اور خطرناک جُرم کے مرتکب ہوتے ہیں کیونکہ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حضور باغی ٹھہرائے جاتے ہیں اور یہ بیج بھی ہے ۔ اللہ تعالیٰ ہی سے تو وہ مقابلہ کرتے ہیں ۔ جب اللہ تعالیٰ ایک انسان کو معظم و مکرم و مُطاع بنانا چاہتا ہے تو ہر ایک کا فرض ہے کہ رضاءِ الٰہی کو مقدم کرے اور اُس کو اپنا مُطاع سمجھے ۔ ارادہ الٰہی کو کوئی چیز روک نہیں سکتی ۔ اس کے مقابلہ میں جو آئے گا وہ ہلاک ہو جائے گا ۔ پس جو خلاف ورزی کرتا ہے یا یہ سمجھتا ہے کہ میرے علوم کے سامنے اس کی احتیاج نہیں وہ اُس تعظیم ، مکرمت ، اعزاز میں جو اُس مُطاع مکرم کے متبعین کو ملتا ہے حصّہ دار نہیں ہوتا بلکہ محروم رہ جاتا ہے ۔ خواہ اپنے طور پر انسان کتنی ہی نیکیاں کرتا ہو مگر اُس ایک انسان کی مخالفت اور خلاف ورزی سے اس کے اعمال حبط ہو جاتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کے عظیم انسان منشاء کے خلاف اِس پر بغاوت کا الزام ہے ۔ دنیوی گورنمنٹوں کے الزام میں بھی یہی قانون ہے ۔ ایک بھلا مانس آدمی جو کبھی بدمعاملگی نہیں کرتا ۔ چوری اور رہزنی اس کا کام نہیں ۔ تاجر ہے تو چونگی کا محصول اور دوسرے ضروری محاصل کے ادا کرنے میں سستی نہیں کرتا ۔ زمیندار ہے تو وقت پر لگان ادا کرتا ہے ۔ لیکن اگر وہ یہ کہے کہ بادشاہ کی ضرورت نہیں اور اس کے اعزاز و اکرام میں کمی کرے تو یہ شریر و باغی قرار دیا جاوے گا ۔

اسی طرح ماموروں کی مخالفت خطرناک گناہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے حضور ہو سکتا ہے ۔ ابلیس نے یہی گناہ کیا تھا ۔ انبیاء علیہم السلام کے حضور شیاطین بہت دھوکے دیتے ہیں ۔ میرے نزدیک وہ لوگ بڑے ہی بدبخت ہیں جو اللہ تعالیٰ کے منشاء کے خلاف کرنا چاہتے ہیں ۔ کیونکہ ذرہ ذرہ اس پر لعنت بھیجتا ہے ۔ جب اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ وہ معزز و مکرم اور مُطاع ہو تو اُس کی مخالفت کرنے والا تباہ نہ ہو تو کیا ہو ۔ یہی سِر ہے جو انبیاء و مُرسل اور مامورین کے مخالف ہمیشہ تباہ ہوئے ہیں وہ مجرمِ بغاوت کے مجرم ہوتے ہیں ۔ پس کتابوں کے بعد رسولوں پر ایمان لانا ضروری ہے ورنہ انسان متکبر ہو جاتا ہے اور پہلا گناہ دین میں خلیفۃ اللہ کے مقابل یہی تھا ۔ اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ ۔ اس میں شک نہیں کہ سنت اللہ اسی طرح پر ہے کہ ماموروں پر اعتراض ہوتے ہیں ۔ اچھے بھی کرتے ہیں اور بُرے بھی ۔ مگر اچھوں کو رجوع کرنا پڑتا ہے اور بُرے نہیں کرتے ۔ مگر مُبارک وہی ہیں جو اعتراض سے بچتے ہیں کیونکہ نیکوں کو بھی آخر مامور کے حضور رجوع اور سجدہ کرنا ہی پڑتا ہے ۔ پس اگر یہ مَلَک کی طرح بھی ہو پھر بھی اعتراض سے بچے کیونکہ خدا تو سجدہ کرائے بغیر نہیں چھوڑے گا ۔ ورنہ لعنت کا طوق گلے میں پڑے گا ۔

(اقتباس از خطبہ عید الفطر سیدنا حضرۃ خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ جنوری ۱۹۰۳ء)

انجام

انتہا سے کسی خورشید کا ڈھلنا دیکھو
اور سورج کے پجاری کا بدلنا دیکھو

جس کی جنبش نے کیا خون ہراسب پر روا
اپنے خون میں اُسی انگشت کا گلنا دیکھو

وُہی فرعون ، وُہی نیل ، وُہی میرا خدا
میری کشتی کا بھنور میں بھی سنبھلنا دیکھو

جن کو سکھلایا گیا جھومنا ہر ایک لَے پر
انہی سانپوں کا مداری کو نگلنا دیکھو

ہر زمانے میں یہی ظلم کا انجام ہُوا
اپنی بھڑکائی ہوئی آگ میں جلنا دیکھو

اس کے ہاں دیر ہے ، اندھیر نہیں ہو سکتا
میرے عادل کا ہرا عدل تو کرنا دیکھو

راشدہ سیال

حضرت مرزا ایوبؓ بیگ صاحبؓ

آج ہم آپ کو حضرت بانیٔ سلسلہ (اللہ تعالیٰ کی آپ پر ہزاروں رحمتیں ہوں) کے ایک ابتدائی رفیق حضرت مرزا ایوب بیگ صاحب کے کچھ حالات سُناتے ہیں۔

یوں تو ہر اخلاص رکھنے والا مرید اپنے شیخ کا رُوحانی بیٹا ہوتا ہے لیکن وہ مرید کتنا خوش قسمت ہے جسے شیخ اپنی زبانِ مبارک سے اپنا بیٹا کہہ دے۔ حضرت مرزا ایوب بیگ صاحب ان خوش قسمت انسانوں میں سے ہیں جنہیں مامورِ زمانہ نے اپنا بیٹا کہا۔ حضرت مرزا ایوب بیگ صاحب بانیٔ سلسلہ عالیہ کے تین سو تیرہ ساتھیوں میں سے ایک تھے۔

یہ کلانور ضلع گورداسپور کے رہنے والے تھے۔ کلانور دریائے راوی کے اس طرف واقع تھا جب کہ ڈیرہ بابا نانک جہاں بابا نانک کا مقدس چولہ محفوظ ہے دوسری طرف واقع تھا۔ اب کلانور بھارت میں ہے اور ڈیرہ بابا نانک پاکستان میں۔

مرزا ایوب بیگ صاحب قادیان میں مڈل سکول کے ہیڈ ماسٹر بھی رہے اور لاہور کے مشہور چیف کالج کے سائنس ماسٹر۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم سے آپ کے عشق کا یہ حال تھا کہ تہجد کی نماز میں یہ شعر بڑے درد سے پڑھا کرتے ؎

عجب نوریست در جانِ محمدؐ
عجب لعلیست در کانِ محمدؐ

کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی جان میں عجیب نُور ہے اور آپؐ کی کان میں عجب لعل و موتی ہیں۔

جوانی میں آپ حد درجہ عابد تھے۔ نماز جوانی میں ایسے سوز و گداز سے ادا کرتے کہ دیکھنے والے آپ پر رشک کرتے۔ مسجد مبارک میں فرض و نوافل اور لمبی لمبی دعائیں کرتے۔ آپ صاحبِ کشف بزرگ تھے۔ بانیٔ سلسلہ سے محبت کا یہ حال تھا کہ آپ حضور کو دباتے وقت آپ کے شانہ پر سر رکھ کر روتے رہتے۔

آپ جوانی میں ہی خدا کو پیارے ہو گئے۔ آخری عمر میں بیمار ہو گئے اور بیماری میں بھی آپ نے کوئی نماز قضا نہیں کی۔

حضرت بانیٔ سلسلہ کے مخلص مرید مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی نے فرمایا کہ مرزا ایوب بیگ صاحب کے حُسنِ خاتمہ پر مجھے بڑا رشک آیا۔

قرآنِ مجید سے آپ کے عشق کا یہ حال تھا کہ ایک سال میں آپ نے تمام قرآن مجید کا ترجمہ پڑھ لیا۔

حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ کی بیعت کا اثر آپ پر اِس قدر نمایاں ہؤا کہ آپ کے والد محترم مرزا نیاز بیگ صاحب آپ کے نیک تغیّر کو دیکھ کر داخلِ سلسلہ ہو گئے۔ آپ کے دوسرے بھائی ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب تھے۔

اِیمان اَفروز واقِعات

ایک سخت مُخالِف کا قِصّہ

حضرت منشی ظفر احمد صاحب بیان فرماتے ہیں :-

"ایک دفعہ ایک مولوی قادیان آیا اور حضور سے بحث کرنے لگا۔ پھر حضور نے اسے جواب دینا شروع کیا تو وہ خاموش ہوگیا۔ وفات و حیاتِ عیسیٰ علیہ السلام پر گفتگو تھی۔ اور ابتدائی زمانہ کا یہ واقعہ ہے۔ آپ نے جب اس کو سمجھایا اور وہ خاموش رہا۔ تو آپ نے اس سے دریافت فرمایا کہ کیا آپ سمجھ گئے ہیں۔ اس نے کہا "جی میں سمجھ گیا ہوں کہ آپ دجال ہیں۔ چونکہ دجال کی صفت میں یہ بھی آیا ہے کہ وہ بحث میں دوسروں کا منہ بند کر دیا کرے گا۔" آپ نے پھر کچھ نہیں فرمایا۔ اور وہ چلا گیا۔ امرتسر جاکر اس نے ایک اشتہار چھپوایا اور اس میں یہ واقعہ بیان کیا۔ کہ میں نے یہ الفاظ کہے۔ لیکن باوجود اس کے جب آپ اندر تشریف لے گئے۔ تو میں نے ایک رقعہ بھیجا۔ کہ میں ضرورت مند ہوں۔ کچھ سلوک میرے ساتھ کرنا چاہیئے۔ آپ نے فوراً پندرہ روپے بھیج دیئے۔ آپ سخی بہت ہیں۔ اور آپ کے منہ پر بھی سخت لفظ کہا جائے تو آپ رنج نہیں کرتے۔ آپ نے خود اس آخری امر کا کسی سے ذکر نہیں کیا تھا۔ لیکن اس اشتہار سے اس پندرہ روپے دینے کا پتہ چلتا ہے۔"

(اصحاب احمد جلد چہارم صفحہ ۱۲۷-۱۲۸)

- (مؤلف: ملک صلاح الدین صاحب ایم اے ۱۹۵۶ء)
- مرسلہ: مکرمہ امۃ النور صاحبہ اہلیہ مکرم لئیق احمد صاحب طاہر
  ڈلسولا :

مہمان کیلئے سر کا پٹکا اُتار کر چارپائی پر بچھا دیا!

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی سے روایت ہے کہ کرنل الطاف حسین صاحب بڑے آزاد خیال اور انگریزی فیشن کے دلدادہ تھے اور انگلستان جاکر عیسائی ہو گئے تھے۔ جن دنوں حضرت اقدس امرتسر میں مباحثہ آتھم کے سلسلہ میں قیام پذیر تھے۔ کرنل صاحب موصوف بھی وہاں تھے ایک دفعہ وہ حضرت اقدس سے ملنے آئے کرنل صاحب ملاقات کے بعد کمرہ ملاقات سے باہر آئے تو ان کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے۔

کرنل صاحب نے بتایا کہ جب میں کمرہ میں گیا تو حضور نیچے بیٹھے ہوئے تھے اور اگرچہ آپ اپنے خیال میں چٹائی پر بیٹھے ہوں گے لیکن چٹائی پر صرف آپ کا ایک گھٹنا تھا اور آپ خود زمین پر بیٹھے ہوئے تھے۔ جب میں اندر گیا تو حضور علیہ السلام نے اپنے سر سے پٹکا اتار کر چارپائی پر بچھا دیا اور فرمایا کہ آپ یہاں تشریف رکھیں۔ کرنل صاحب بیان کرتے ہیں کہ میں آپ کے حسنِ اخلاق سے بے حد متاثر ہوا۔ میں نے کہا کہ حضور میں عیسائی ہو چکا ہوں اور بپتسمہ لے چکا ہوں اور شراب کا عادی ہوں۔ لیکن اس کے باوجود حضور بڑے تپاک سے ملے۔ مجھ پر اتنا اثر ہوا کہ فوراً کلمہ پڑھا اور مسلمان ہوگیا اور میری آنکھوں سے بے اختیار آنسو نکل آئے۔"

(رجسٹر روایات صحابہ ۷)

(مرسلہ)

(مکرم مقصود احمد صاحب
ناصر آباد کالونی۔ ربوہ)

جدید پرنٹنگ پریس کے لیے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی تازہ تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ ۱۲ جولائی 85ء میں احمدیت یعنی حقیقی اسلام کے لٹریچر کی اشاعت میں وسعت پیدا کرنے کیلئے ایک جدید کمپیوٹرائزڈ پرنٹنگ پریس خریدنے کی سکیم کا اعلان فرمایا۔ جس کے ذریعہ دنیا کی تمام زبانوں میں بآسانی لٹریچر طبع کیا جا سکے گا اور کتابت کے کام میں سہولت پیدا ہو جائیگی۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ابتدائی طور پر اس کی لاگت پر ڈیڑھ لاکھ پونڈ کا سرمایہ درکار ہوگا۔ حضور کی اس نہایت اہم اور بابرکت تحریک پر احباب جماعت نے والہانہ لبیک کہا ہے اور وعدے پیش کر رہے ہیں۔

یاد دہانی کے طور پر تمام عہدیداران جماعت سے گزارش ہے کہ اپنے حلقہ میں احباب و خواتین کو اس تحریک اور اس کی اہمیت و افادیت کے بارہ میں جلد از جلد مطلع کریں نیز وعدوں اور وصولیوں کی فہرستیں ساتھ ساتھ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت اقدس میں ارسال کرتے رہیں۔ جزاکم اللہ۔

بلا تبصرہ

مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے والوں کا محاسبہ کرنے کی ضرورت ہے

کون اس بات سے انکار کر سکتا ہے کہ برطانیہ کے مسلمان مدتوں آپس میں پیار و محبت سے رہتے چلے آئے تھے۔ کیا دیوبندی اور کیا بریلوی، کیا احمدی اور کیا شیعہ تمام ایک دوسرے کا احترام کرتے تھے اور ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک ہوتے تھے۔ اچانک حالات نے پلٹا کھایا اور امیگریشن کے قوانین سے فائدہ اٹھاتے ہوئے فوج در فوج مولوی صاحبان یہاں جمع ہونے شروع ہو گئے اور آہستہ آہستہ ان مسلمانوں میں نفاق کا بیج بو کر ان میں پھوٹ ڈال کر مساجد کو اکھاڑہ بنا دیا۔ اس طرح نہ صرف یہاں رہنے والے مسلمانوں کی زندگی اجیرن کر دی۔ بلکہ اسلام کو بھی بدنام کر دیا۔ رواداری نام کو ان میں موجود نہیں حالانکہ اسلام کو کمال رواداری کا مذہب ہے۔ ابھی حال ہی میں آپ کے اخبار میں ایک مضمون ہدایت زمانی صاحب کا چھپا تھا جنہوں نے تاریخ اسلام سے مثالیں بیان کر کے یہ ثابت کیا تھا کہ جو رواداری کی تعلیم دین اسلام دنیا کے سامنے پیش کرتا ہے۔ اس کی مثال کسی اور مذہب میں نہیں پائی جاتی۔ مگر مولوی حضرات ہیں کہ اپنے حلوہ کی فکر ہے۔ حجاز کانفرنس کے بعد تو گالی گلوچ کا سلسلہ اور بھی بڑھ گیا ہے۔ ان سے وہ علماء دین بھی بیزار ہیں۔ جن کا دن رات مشغلہ دین و قوم کی خدمت ہے۔ کیونکہ ان کی وجہ سے وہ بھی بدنام ہو رہے ہیں۔

میری تمام مسلمان تنظیموں اور عوام سے گزارش ہے کہ ایسے نام نہاد علماء کا محاسبہ کریں۔ جو دین اسلام کو بدنام کرنے کا تہیہ کئے ہوئے ہیں۔ اور اپنی اپنی جگہ ان کو اس بات کا پابند کر دیں کہ وہ اپنے عقائد کا پرچار تو ضرور کریں۔ ان کی خوبیاں بھی بیان فرماویں۔ مگر کسی دوسرے کے عقائد کو ہدف تنقید نہ بنائیں۔ اگر سب مسلمان تنظیمیں اس سنہری اصول پر عمل کرنے میں کامیاب ہو جائیں، تو حالات دوبارہ سازگار ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح ملائیت انشاء اللہ اپنی موت آپ مر جائے گی۔ اور اسلام کا بول بالا ہوگا۔ پاکستان کے حالات پڑھ کر دل بعض دفعہ بہت کڑھتا ہے۔ ایک ملک جو صحیح طور پر اسلام کا قلعہ بن سکتا ہے۔ وہاں بھی ان مفاد پرست جاہل ملاؤں نے فرقہ وارانہ زہر پھیلا رکھا ہے۔ اور مارشل لاء کے باوجود ان کی زبانوں پر کنٹرول نہیں ہے۔ حکومت پاکستان کے ذمہ دار افسران کو یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیئے۔ کہ زبان کے گھاؤ تلوار کے زخم سے کہیں زیادہ خطرناک ہوتے ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ ملک میں خطیبوں کے لئے باقاعدہ کورسز ہوں۔ جہاں انہیں رواداری کی تعلیم دی جائے اور اپنے مزاج کے خلاف عقائد رکھنے والوں سے بھی عزت و توقیر کے ساتھ پیش آنے کا درس دیا جائے اسی صورت میں ملک میں امن قائم ہو سکتا ہے۔

اسی وقت پاکستان ایک خطرے سے دوچار ہے۔ روس ایک طرف سرحدوں پر کھڑا ہے۔ اور بھارت دوسری طرف دانت تیز کر رہا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ پاکستان جو حیثیت ایزدی کے تحت وجود میں آیا یہ طاقتیں اس کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتیں۔ اگر ملک کو حقیقی خطرہ ہے۔ تو جاہل ملاؤں سے کاش ہماری قوم یہ نکتہ سمجھ لے۔ میں کوئی سیاسی آدمی تو ہوں نہیں۔ لیکن کیا ہی اچھا ہو کہ کوئی شخص "اینٹی ملائیت" تحریک شروع کرے۔ تاکہ وطن عزیز کو اصل خطرہ سے محفوظ کیا جا سکے۔

(ارشاد اعزازی۔ لندن)

(بشکریہ اخبار وطن ۲۶ جون ۸۵ء)

★★★★★★★★

جماعت احمدیہ کو رشوت دینے کی ضرورت نہیں

لندن (وطن نیوز) جماعت احمدیہ برطانیہ کے پریس سیکرٹری رشید احمد چوہدری نے جمعیت علمائے پاکستان کے شعبہ تعلیم و تربیت کے چیئرمین مولانا شبیر احمد ہاشمی کے اس بیان کی سختی سے تردید کی ہے کہ جماعت احمدیہ نے ۱۹۷۴ء کی اینٹی احمدیہ تحریک کے دوران مولانا شاہ احمد نورانی کو ایک کروڑ روپے کی پیشکش کی تھی جو انہوں نے سختی سے ٹھکرا دی تھی۔ رشید احمد چوہدری نے کہا کہ جماعت احمدیہ خالص دینی جماعت ہے۔ دنیا بھر کی مخالفتیں اسکا کچھ بھی بگاڑ نہیں سکتیں اس لئے اس کو کسی شخص کو رشوت دے کر چپ کرانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا نورانی یا شبیر ہاشمی صاحبان ۱۹۷۴ء سے آج تک خاموش رہے انہیں جماعت احمدیہ سے ہرگز کوئی ہمدردی نہیں تھی پھر اس خاموشی کی کیا وجہ ہو سکتی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مجلس افضل چیئرمین کا نام انہوں نے بطور گواہ لیا ہے سب کچھ منظر عام پر لائیں گے

(وطن یکم جولائی ۸۵ء)

مذمت اور مطالبہ

کراچی۔ کالعدم مسلم لیگ (خواجہ خیر الدین گروپ) اور ایم۔آر۔ڈی کے جنرل سیکرٹری خواجہ خیر الدین نے صوبے میں مذہبی نوعیت کے مختلف الزامات میں ستر (۷۰) قادیانیوں کی گرفتاری کی مذمت کی ہے ۔۔۔ انہوں نے کہا ۔۔۔ کہ مختلف مذاہب سے متعلق افراد کے درمیان درگزر۔ بھائی چارے اور دوستانہ تعلقات اس صوبے کی صدیوں پرانی روایت ہے اور حالیہ مذہبی تعصب اور نفرت اس صوبے کی روایت کے خلاف ہے جسے لازمی طور پر ختم ہونا چاہیئے۔

انہوں نے الزام لگایا کہ

قادیانیوں کی گرفتاری کے سلسلہ میں حکومت پارٹی بن گئی ہے۔

اور اس طرح وہ عوام کی توجہ اصل مسائل سے ہٹانا چاہتی ہے ۔۔۔ انہوں نے کہا اگرچہ ہم قادیانی نہیں ہیں۔ لیکن انصاف کے نام پر ہم قادیانیوں کی فوری رہائی اور عائد شدہ الزامات واپس لینے کا مطالبہ کرتے ہیں انہوں نے سندھ کے تمام لوگوں کے حقوق بلا تاخیر بحال کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

(جنگ ۱۰ مئی ۱۹۸۵ء)

(بہ شکریہ "لاہور" ۱۸ مئی ۱۹۸۵ء)

ڈاکٹر حمیدہ کھوڑو کی طرف سے

قادیانیوں کی رہائی کا مطالبہ

کراچی (پ ر) سندھ میں سینکڑوں قادیانیوں کو کلمہ طیبہ کا بیج لگانے پر گرفتار کرنا تنگ نظری ہے۔ ڈاکٹر حمیدہ کھوڑو نے کہا کہ سندھ باب الاسلام ہے اور یہاں مذہبی تعصب اور منافرت کی بنیاد پر کوئی کارروائی نہیں ہونی چاہیئے کیونکہ ایسے اقدام سے قدرت ناخوش ہوگی۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ اس طرح گرفتار کئے جانے والے تمام قادیانیوں کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور ان کے خلاف مضحکہ خیز الزامات واپس لئے جائیں۔

(روزنامہ جنگ لاہور۔ ۸ مئی ۱۹۸۵ء صفحہ کالم ۸)

(بہ شکریہ "لاہور" ۱۸ مئی ۱۹۸۵ء)